## حیسکو پریس ریلیز مورخہ :21.12.2021

**چیف ایگزیکٹوآفیسر حیسکو نور احمد سومرو کی ہدایات پر حیسکو میں کھلی کچہریاں جاری ہیں۔آج آپریشن سب ڈویژنوں لیاقت کالونی، سرفراز کالونی اور ہیر آباد میں حیسکو صارفین نے کھلی کچہری میں 280 شکایات درج کروائیں،موقع پر 80 شکایات حل کی گئیں،باقی 200 شکایات کو جلد حل کرنے کیلئے M&T کی ٹیموں کو ہدایات دی گئی ہیں،200 صارفین نے موقع پر 13 لاکھ 62 ہزار سے زائد جمع کروائے۔25 دسمبر 2021 کو نصرپور اور 26 دسمبر 2021 کو ٹنڈو محمد خان میں کھلی کچہری ہوگی۔کو عوام/حیسکو صارفین نے اس اقدام پر حیسکو چیف کا شکریہ ادا کیا اور تجویز دی ہے کہ اس عمل کو جاری رکھیں۔حیسکو ترجمان**

حیدرآباد( ) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹوآفیسر حیسکو نور احمد سومرو نے حیسکو صارفین/عوام کے بجلی سے متعلق مسائل اور شکایات کو سننے کے بعد فوری طور پر حل کرنے کیلئے پورے حیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا ہے،جس میں صارفین نے صبح 10:00 بجے سے سہ پہر 03:00 بجے تک (06 گھنٹے ) مسلسل حیسکو کے کھلی کچہری کی جگہ جاکر اپنی شکایات اور درپیش مسائل درج کرواکے ان کو حل کروائیں، واضح رہے کہ کھلی کچہریاں قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انرجی ڈویژن کی ہدایات پر کی جارہی ہیں۔اسلسلے میں آج آپریشن ڈویژن قاسم آباد اور گاڑی کھاتہ کی سب ڈویژنوں لیاقت کالونی، سرفراز کالونی اور ہیر آباد کے صارفین نے لیاقت کالونی میں گولڈن لان میں آکر ٹوٹل 280 شکایات سنیں گئیں اور اس میں سے 80 شکایات موقع پر فوری حل کردی گئیں ، باقی 200 شکایات کو جلد از جلد حل کرنے کیلئے حیسکو کی M&T کی ٹیموں کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔تفصیلات کے مطابق حیسکو چیف کے واضح احکامات ہیں کہ سب سے پہلے عوام کے عزم کے تحت حیسکو ریجن کے تمام علاقوں میں بجلی صارفین کی شکایات سننے کیلئے آپریشن ڈویژنوں گاڑی کھاتہ اور قاسم آباد کی سب ڈویژنوں لیاقت کالونی، سرفراز کالونی اور ہیر آباد کے صارفین کے بجلی سے متعلق شکایات کے حل کیلئے آج لیاقت کالونی کے علاقے میں گولڈن لان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا،جس میں مجموعی طور پر 280 شکایات موصول ہوئی ہیں جس میں سے 80 شکایات کو موقع پر حل کردیا گیا ہے، باقی 200 شکایات کو جلد حل کرنے کیلئے M&T کی ٹیموں کو ہدایات دی گئی ہیں، کھلی کچہری میں 200 صارفین نے بجلی کے بلوں کی آسان اقساط بنواکر موقع پر ہی جمع کروائے ،جس میں 13 لاکھ 62 ہزار 925 روپے کی وصولی کیئے گئے ، واضح رہے کہ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے انرجی ڈویژن کی ہدایات پر حیسکو ریجن میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا گیا ہے۔کل مورخہ 25 دسمبر 2021 بروز ہفتہ نصرپور کے صارفین کیلئے کھلی کچہری منعقد ہوگئی،اور مورخہ 26 دسمبر 2021 بروز اتوار کو ٹنڈو محمد خان میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا ہے اور یہ سلسلہ پوری حیسکو ریجن میں جاری رہے گا، تاکہ بجلی صارفین کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جاسکے، کسٹومر کیئر پالیسی کے تحت ہم حیسکو ریجن کے تمام آپریشن ڈویژن میں کھلی کچہریوں انعقاد کرکے عوام کے مسائل سننے کے ساتھ ان کو فوری حل بھی کریں گے۔حیسکو چیف ایگزیکٹوآفیسر نور احمد نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جاسکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کرسکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلاسکتا۔کھلی کچہری میں حیسکو S.E حیدرآباد سرکل نثار احمد میمن، XEN گاڑی کھاتہ سہیل احمد شیخ، XEN قاسم آباد عقیل نور میمن، XEN ایم اینڈ ٹی مشتاق بروھی، ڈپٹی ڈائریکٹر ٹیکنیکل سجاد پرویز، انچارج شعبہ تعلقات عامہ محمد صادق کُبر میمن، SDO لیاقت کالونی آفتاب ڈھانی، SDO راجا عبدالرب، SDO ہیرآباد اسد برڑو دیگر افسران موجود تھے۔

**24.12.2021**




حیدرآباد: حیسکو چیف نوراحمد سومرو کی ہدایات پر لیاقت کالونی گولڈن لان میں منعقد کھلی کچہری میں صارفین اپنی بجلی سے متعلق شکایات پیش کررہے ہیں